CALGARY POLICE SERVICE

# اگر آپ گرفتار ہو جائیں تو کیا ہوتا ہے

## اعلان نامہ برائے حفاظت

گرفتاری کی صورت میں آپ کے ساتھ پیش آیا جائے گا مندرجہ ذیل اوصاف کے ساتھ:

- دردمندی (احتیاط)
- عزت (شائستگی)
- ادب (خوش اخلاقی)
- منصف مزاجی (غیر جانبداری) بالائے نظر اس کے کہ آپ کون ہیں اور آپ کیسے پیش آتے ہیں۔

ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کو میسر ہو:

- جسمانی اور جذباتی تحفظ
- سلامتی
- عزت
- خلوت

یہ سب کے لئے ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں آتی آپ کی مندرجہ ذیل باتوں کی وجہ سے:

- عمر
- نسل، ثقافت یا مذہب
- جنس
- جسمانی یا ذہنی قابلیت
- معاشی رتبہ (رقم جو آپ کے پاس موجود ہے یا آپ کماتے ہیں)

## گرفتار ہونے یا زیرِ حراست ہونے کی صورت میں آپ کو حقوق حاصل ہوتے ہیں

آپ کے حقوق یہ ہیں:

- آپ کو ایک پولیس افسر وضاحت کرے گا کہ آپ کو کیوں گرفتار کیا گیا ہے اور زیرِحراست رکھا گیا ہے
- **آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کچھ بھی نہ کہیں۔** آپ کی کہی ہوئی کوئی بھی بات بعد میں عدالتی تاریخ پر آپ کے خلاف ثبوت ہو سکتی ہے۔ کیا آپ بے یقینی کا شکار ہیں کہ آیا آپ کو بولنا چاہئے یا نہیں؟ کسی وکیل سے بات کرنے تک انتظار کریں۔
- **کیا آپ 18 سال سے کم عمر کے ہیں؟** اگر آپ کسی بالغ،جیسے کہ خاندان کے فرد، والدین یا سرپرست کو بتانا چاہتے ہیں کہ آپ کہاں ہیں تو پولیس افسر کو بتائیں
- **کیا آپ علیل، بیمار یا زخمی ہیں؟** اگر آپ کو طبی ہنگامی صورتِحال درپیش ہے تو پولیس کو بتائیں۔ طبی امداد مفت ہے۔
- اگر آپ کو کسی چیز کی سمجھ نہیں آتی تو مہربانی فرما کر ہم سے مدد طلب کریں۔

- **کیا آپ کو کوئی مترجم چاہئے؟** پولیس کو بتائیں۔ یہ مفت ہے اور پولیس کی جانب سے مہیا کیا جاتا ہے۔
- **کیا آپ کینیڈین ہیں؟** اگر آپ کینیڈین نہیں ہیں تو ہمیں بتائیں۔ اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کے ہائی کمیشن، ایمبیسی یا قونصلیٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں اور انھیں بتا سکتے ہیں کہ آپ کہاں ہیں اور آپ پولیس سٹیشن میں کیوں ہیں۔
- *جسٹس آف پیس* کے عہدے کا ایک شخص آپ پر عائد الزامات کا جائزہ لے گا اور تعین کرے گا کہ آگے کیا ہونا ہے
- بعض صورتوں میں آپ کو جرمانہ کیا جا سکتا ہے اور کاغذی کاروائی کے بعد رہا کیا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کو حق حاصل ہے کہ:
  - کاغذات کو پڑھیں اور دیکھیں کہ آپ کو عدالت میں کس تاریخ کو جانا ہے اور اپنی انگلیوں کے نشانات (فنگر پرنٹس) دینے ہیں
  - اس عدالتی تاریخ سے پہلے مشورے کے لئے اپنے وکیل سے بات کریں
- کچھ صورتوں میں اگر آپ کے خلاف سنگین الزامات عائد ہیں یا آپ کی گرفتاری کا حکم نامہ ہے تو:
  - آپ کو ایک پولیس کار میں ڈالا جائے گا اور اس جگہ سے ایک اور جگہ منتقل کیا جائے گا جسے *اریسٹ پروسیسنگ* کہتے ہیں
  - آپ *جسٹس آف پِیس* سے ملتے ہیں (یہ ایک عوامی اہلکار ہے جو آپ کے مقدمے کا جائزہ لیتا ہے)
  - آپ کی ضمانت کی سماعت ہوتی ہے
  - آپ کو زیرِ حراست رکھا جاتا ہے (اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو کسی ایسی جگہ رہنا ہوتا ہے جہاں پر پولیس آپ کو دیکھ سکے) یہاں تک یہ سب مکمل ہو جائے
  - اس سارے عمل میں 18 تا 24 گھنٹے لگ سکتے ہیں

## جب آپ اریسٹ پروسیسنگ میں آتے ہیں تو کیا ہوتا ہے

آپ کی آمد پر آپ کا باقاعدہ اندراج کیا جاتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اریسٹ پروسیسنگ میں سے ایک فرد:

- **آپ سے آپ کی ذاتی معلومات پوچھتا ہے۔** حراستی ریکارڈ میں اندراج کے لئے
- **آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشانات لیتا ہے۔** آپ کی انگلیوں کے نشانات اور تصویر آپ کے خلاف مجرمانہ فردِ الزام کی کاروائی کے لئے ضروری ہے۔
- **آپ کی جسمانی تلاشی لیتا ہے۔** ہم ہر اس چیز کو نکال دیتے ہیں جس کے اندر اجازت نہیں ہے۔

CALGARY POLICE SERVICE

# اگر آپ گرفتار ہو جائیں تو کیا ہوتا ہے

## آپ کے کپڑے

تلاشی کے بعد آپ کپڑوں کی ایک تہہ پہنے رکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے جو بھی چیز پہنی ہو اسے ایک بیگ میں ڈال کر آپ کے لئے بحفاظت رکھ دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کے کپڑوں کو ثبوت کے طور پر لینا ضروری ہو یا وہ کپڑے پہنے نہ جا سکتے ہوں تو پولیس آپ کو دوسرے کپڑے دیتی ہے

## آپ کی املاک اور اثاثے

کوئی بھی چیز جو آپ ساتھ لے کر جاتے ہیں اس کو ایک بیگ میں ڈال کر آپ کے لئے بحفاظت رکھ دیا جاتا ہے۔ اس میں چھدے ہوئے جسم میں پہننے والے یا دوسرے زیورات شامل ہیں۔

ہم آپ کے کپڑوں اور املاک کا ایک تحریری ریکارڈ بناتے ہیں جسے Prisoner Property Record (قیدی کا پراپرٹی ریکارڈ) کہا جاتا ہے۔ ہم آپ کو اس پر دستخط کرنے کا بھی کہتے ہیں۔ **مہربانی فرما کر اس بات کا یقین کر لیں کہ ریکارڈ درست ہے اور آپ کی تمام املاک اس میں درجِ فہرست ہیں۔** آپ کی املاک آپ کی رہائی پر آپ کو واپس کر دی جاتی ہیں۔

## طبی معائنہ اور احتیاط

آپ کے اندراج کے بعد، ایک طبیب (کوئی فرد جو ایک ڈاکٹر کی طرح ہوتا ہے):

- آپ سے مخاطب ہوتا ہے
- آپ کی جسمانی اور جذباتی صحت مندی کا معائنہ کرتا ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ اریسٹ پروسیسنگ میں رہنے کے لئے صحت مند ہیں

اگر آپ کو ایک ڈاکٹر سے ملنے کے لئے اریسٹ پروسیسنگ کو چھوڑنا پڑتا ہے تو:

- ڈاکٹر اور پولیس اس کا انتظام کرتے ہیں
- آپ کو اپنے بیمے (انشورنس) کے دائرہ کار کے مطابق اس کے لئے ادائیگی کرنا پڑ سکتی ہے

**کیا آپ کے پاس دوائیاں اور نسخے ہیں؟** طبیب کو ان تمام ادویات کے بارے میں بتائیں جو آپ لے رہے ہیں اور اگر وہ آپ کے پاس ہیں۔ آپ اپنی دوائی صرف اسی صورت میں لے سکتے ہیں اگر یہ اصل بوتل میں ہو اور اس کے اوپر آپ کا نام درج ہو۔

طبیب کے ساتھ کسی بھی غیر قانونی دوا کے استعمال کے متعلق دیانتداری سے کام لیں۔ آپ کسی مشکل میں نہیں پڑیں گے حتیٰ کہ آپ یہ بھی کہہ دیں کہ آپ غیرقانونی ادویات استعمال کرتے رہے ہیں۔ طبیب کو یہ صرف آپ کی صحت اور سلامتی کی خاطر جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**کیا آپ کو حیض جاری ہے؟** کسی پولیس افسر یا ڈاکٹر کو بتائیں اور وہ آپ کو پیڈز یا ٹیمپونز دیں گے۔ یہ مفت ہیں۔

**کیا آپ کو کوئی طبی فکرمندی ہے؟** ڈاکٹر کو بتائیں۔ وہاں پر ڈاکٹر آپ کی سلامتی اور صحت کو یقینی بنانے کے لئے ہے۔ اریسٹ پروسیسنگ کے دوران آپ کسی بھی وقت ڈاکٹر کو طلب کر سکتے ہیں۔

## قانونی مشورہ/ایک وکیل کو بلانا

جب آپ کا اندراج کر لیا جاتا ہے تو آپ کو ایک وکیل سے بات کرنے کے لئے ایک فون ملتا ہے۔ وکیل آپ کو قانون اور آپ کی صورتِحال کے متعلق مشورے دینے میں مددگار ہو سکتا ہے۔ آپ اپنے وکیل سے تنہائی میں مشورہ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے منتخب کردہ کسی بھی وکیل کو کال کر سکتے ہیں۔

زیادہ تر وکیلوں سے بات کرنے کے لئے آپ کو پیسے ادا کرنے پڑتے ہیں۔ اگر آپ پیسے نہیں ادا کر سکتے تو آپ البرٹا لیگل ایڈ (البرٹا قانونی امداد) استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ لیگل ایڈ (قانونی امداد) وکیل آپ سے پیسے نہیں لیتے۔ وہ آپ کو آپ کی ضمانت کی سماعت میں مدد دے سکتے ہیں۔ زیرِ حراست متعدد افراد یہ سروس استعمال کرتے ہیں۔

اگر آپ لیگل ایڈ (قانونی امداد) میں سے کسی سے بات کرتے ہیں تو وہ:

- آپ سے آپ کے مقدمے کے بارے میں بات کرتے ہیں
- آپ کو قانونی مشورہ دیتے ہیں
- سرکاری وکیل (حکومت کے وکیل) سے آپ کے مفادات اور آپ کی درخواستوں اور رہائی کے منصوبوں کے لئے بات کرتے ہیں
- جسٹس آف پِیس سے آپ کے مفادات اور آپ کے حقوق کے لئے مخاطب ہوتے ہیں

## حوالات

فون استعمال کرنے کے بعد آپ ضمانت کی سماعت کا انتظار کرنے کے لئے ایک قید خانے میں چلے جاتے ہیں۔ اس قید خانے میں ایک بیت الخلاء، ایک سِنک اور پینے کے پانی کا انتظام موجود ہوتا ہے۔ قید خانہ صاف ستھرا ہونا چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو قیدخانے میں دیگر افراد کے ساتھ شراکت داری میں رہنا پڑے۔ آپ کو ہر 6 گھنٹے کے بعد ایک سینڈوچ اور ایک پانی کی بوتل دئے جاتے ہیں۔

**نوٹس**
**یہ قید خانہ 24 گھنٹے وڈیو نگرانی میں ہوتا ہے**

CALGARY
POLICE
SERVICE

# اگر آپ گرفتار ہو جائیں تو کیا ہوتا ہے

## ضمانت کی سماعتیں

ضمانت کی سماعت آپ کے مقدمے **کاپہلا اجلاس** (میٹنگ) ہوتا ہے۔ آپ یہاں پر اس لئے ہیں کہ آپ نے کچھ ایسا کیا ہے **جو ہو سکتا ہے** کہ جرم ہو۔یہ اجلاس اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ کے خلاف عائد کئے گئے الزامات باضابطہ مجرمانہ فردِ الزام ہیں یا نہیں۔

## ضمانت کی سماعت کیسے ہوتی ہے

1. آپ کے مقدمے (آپ کے خلاف الزامات) کا جائزہ سرکاری وکیل اور آپ کا وکیل (اگر آپ کا وکیل ہو) لیتے ہیں۔
2. آپ کے مقدمے اور جائزے سے حاصل کردہ معلومات جسٹس آف پِیس کے جائزے کے لئے لائی جاتی ہیں۔
3. جسٹس آف پِیس سماعت کرتا ہے:
   - صورتِحال کےبارے میںسرکاری وکیل کی۔
   - آپ یا آپ کی جانب سے آپ کے وکیل کی وکالت کی کہ آیا آپ کو، مشروط یا غیر مشروط طور پر،زیرِ حراست رہنا ہے یا رہا کرنا ہے۔
4. جسٹس آف پِیس آپ کی اگلی عدالتی پیشی کی تاریخ کا فیصلہ کرتا ہے۔ عدالتی تاریخ وہ دن اور وقت ہے جس پر آپ کو اپنے مقدمے کے جج کے جائزے کے لئے لازمی آنا ہے۔
5. جسٹس آف پِیس فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ کو رہا کرنا ہے یا نہیں۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک آپ کے ساتھ پیش آ سکتی:
   - آپ کو **غیرمشروط رہائی** مل جاتی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ اپنی عدالتی تاریخ سے پہلے اپنے اوپر کسی بھی اضافی قوانین یا پابندیوں کے بغیر جا سکتے ہیں۔
   - آپ کو **مشروط رہائی** مل جاتی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آپ جا تو سکتے ہیں لیکن آپ کو چند قوانین اور پابندیوں کی پیروی کرنی پڑے گی -
   - آپ کو **رہائی نہیں ملتی**- آپ کو عدالت میں جانے تک زیرِ حراست/جیل میں رہنا پڑتا ہے۔

## حراست سے رہائی

اگر جسٹس آف پیس یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کو حراست سے رہا کیا جا سکتا ہے تو رہائی کی کاغذی کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ کاغذی کاروائی میں کئی گھنٹے لگ سکتے ہیں۔ جب یہ کاغذی کاروائی مکمل ہو جاتی ہے تو:

- آپ اندراج کی جگہ پر واپس جا سکتے ہیں۔
- کوئی آپ کو کاغذی کاروائی کی وضاحت کرے گا۔
- آپ کو کاغذات پر دستخط کرنے ہوں گے تا کہ آپ یہ دِکھا سکیں کہ آپ انہیں سمجھتے ہیں۔

جب آپ کاغذی کاروائی پر دستخط کر چکے ہوں تو آپ کو آپ کی املاک واپس مل جاتی ہیں۔ آپ کو املاکی کاغذ/پراپرٹی شیٹ پر دستخط کرنے کا کہا جاتا ہے جس سے آپ اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ آپ کی تمام املاک واپس کر دی گئی ہیں۔ آپ کی املاک واپس کرنے کے بعد آپ کو عمارت کے باہر تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

عمارت چھوڑنے سے پہلے، آپ سواری کے لئے فون استعمال کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ 18 سال سے کم عمر ہیں تو آپ کو رہائی کے وقت کسی بالغ کے حوالے کیا جاتا ہے۔

## حراست میں رہیں

اگر جسٹس آف پیس فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کو عدالت میں حاضری کے لئے زیرِ حراست رہنا ہے تو آپ کو کیلگیری ریمانڈ سینٹر یا کسی اور موزوں تصحیحی سہولت میں بھیج دیا جاتا ہے۔

آپ کو اور آپ کی املاک کو اس تصحیحی سہولت میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ آپ کی آمد پر تصحیحی سہولت آپ کو وضاحت کرے گی کہ آگے کیا ہونا ہے۔

اس دوران آپ کو طبی امداد اور فون تک رسائی تمام وقت دستیاب ہوں گے۔

## اپنا خاموش رہنے کا حق یاد رکھیں

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کچھ بھی نہ کہیں۔ آپ کی کہی ہوئی کوئی بات بعد میں عدالتی تاریخ پر آپ کے خلاف ثبوت ہو سکتی ہے۔

اگر آپ سےمشتبہ جرم کے بارے میں پوچھا جاتا ہے تو آپ کو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

اگر آپ بے یقینی کا شکار ہیں کہ آپ کو بولنا چاہئے یا نہیں تو اپنے وکیل سے بات کرنے تک انتظار کریں۔

## شکایت کیسے کرنی ہے

کیا آپ کو اریسٹ پروسیسنگ پر آپ کے ساتھ کئے گئے سلوک کے بارے میں کوئی شکایت ہے؟

- 403-428-5904 پر پروفیشنل سٹینڈرڈز سیکشن کو فون کریں، یا
- www.calgarypolicecommission.ca پر جائیں